رہبر معظم قم نے شہداء کے مزار اور امامزادہ علی بن جعفر اور شیخان میں فاتحہ خوانی کی - 23 /Oct/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای شہر مقدس قم کے سفر کے پانچویں دن شہداء قم ، امامزادہ علی بن جعفر کے مزار اور قبرستان شیخان میں حاضر ہوئے، رہبر معظم انقلاب اسلامی نے دفاع مقدس اور انقلاب اسلامی کے گرانقدر شہیدوں کے درجات کی بلندی کے لئے فاتحہ خوانی اور دعا فرمائیاور اس کے بعد مقبرہ امامزادہ علی بن جعفر کی زیارت کی ،رہبر معظم انقلاب اسلامی اس کے بعد قبرستان شیخان میں بھیحاضر ہوئے اور ذکریا بن آدم ، میرزای قمی اور میرزا جواد آقا ملکی تبریزی جیسےجلیل القدر علماء کی قبروں پر فاتحہ خوانی اور دعا فرمائی